حالات [illegible] کا بڑا حصہ اور آپ کی اکثر اور اہم تصنیفات پردۂ خفا میں تھیں۔ لائق مصنف کی یہ کوشش سزاوارِ تحسین اور لائقِ ستائش ہے کہ انھوں نے اس کو تحقیق کا موضوع بنایا، اور بڑی جد و جہد اور مشقت بسیار کے بعد یہ کتاب مرتب کی۔ کتاب دس ابواب پر منقسم ہے، باب اوّل میں مہائم کا جغرافیہ، اس کی قدیم تاریخ عرب کے ساتھ اس کے دیرینہ تعلقات اور پھر اسلامی فتوحات کا تذکرہ ہے، باقی ابواب میں حضرت شیخ کے خاندانی حالات، ذاتی سوانح حیات، علم و فضل، شریعت و طریقت میں آپ کا مقام، آپ کی تصانیف اور ان کا مفصل تعارف۔ تصوف میں آپ کے مخصوص نظریات و افکار اور ان کی تشریح، آپ کے ملفوظات و معمولات، آپ کے متعلق اکابر و علماء و مشائخ کے اقوال اور آراء، ان سب کا نہایت واضح مدلل اور محققانہ بیان شگفتہ و سلیس زبان میں ہے، آخر میں ماخذ کی طویل فہرست ہے جو عربی، فارسی، اُردو اور انگریزی کی پچھتر (۷۵) مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابوں پر مشتمل ہے۔ اس کے بعد اشاریہ اور شروع میں ایک مقدمہ، پیش لفظ اور فہرست مضامین ہے، غرض کہ کتاب تحقیق و تصنیف کے موجودہ اصول کی روشنی میں ایک معیاری کتاب ہے، اس کی اشاعت سے صوفیا اور علماء کے تذکروں کے ذخیرے میں ایک وقیع اضافہ ہوا ہے۔

فہرست کتب

ادارے کے قواعد و ضوابط مفت طلب فرمائیے

جنرل منیجر

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۲